USAID
امریکی عوام کی طرف سے

TheNetwork
for Consumer Protection



کیا آپ اپنی قومی ذمہ داری اِنکم ٹیکس ادا کر کے پوری کرتے ہیں؟

دی نیٹ ورک کیا ہے؟

دی نیٹ ورک صارفین کے تحفظ کا ایک خود مختار غیر سرکاری اور غیر منافع بخش اِدارہ ہے جو عوامی مفاد کے لئے 1992 سے قومی سطح پر کام کر رہا ہے۔

یہ ادارہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 42 کے تحت سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں رجسٹر کیا گیا ہے اور اِس کا رجسٹریشن نمبر 01014-1 ہے۔ یہ اِدارہ ووٹنگ ممبرز میں سے جمہوری طور پر منتخب شدہ بورڈ آف ڈائیریکٹرز کی زیرِ نگرانی کام کرتا ہے۔

دی نیٹ ورک
ادارہ برائے تحفظ صارفین

Plot No 3-4, 1st Floor, I & T Center,
Sector G-8/4, Islamabad - Pakistan
P.O.Box 2563
Tel: +92 51 2261085 Fax: +92 51 2262495
UAN: +92 51 111 829 829

Website: www.thenetwork.org.pk

TheNetwork for Consumer Protection

TheNetworkpk

شکایات کے ازالے کا طریقہ:

آپ اپنے علاقے میں موجود اِنکم ٹیکس آفس میں شکایات درج کروا سکتے ہیں۔ اِس کے علاوہ ایف بی آر (FBR) ہیڈ کواٹر میں براہِ راست مندرجہ ذیل نمبرز اور ای میل پر بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

فیڈرل بورڈ آف ریوینیو (ایف بی آر)

051-111-227-227

یا

0800-00227

یا

051-111-227-228

ای فائلنگ:
051-111-772-772

ای میل
helpline@fbr.gov.pk

ویب سائٹ
www.fbr.gov.pk

اِنکم ٹیکس سے متعلق راہنمائی کے لئے دی نیٹ ورک کی

اِنکم ٹیکس ہیلپ لائن

پر بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

051-111-829-829

انکم ٹیکس کی ادائیگی پاکستانی شہری اور ریاستِ پاکستان کے مابین سماجی معاہدے کو مضبوط اور پائیدار کرتی ہے، جس کے تحت جہاں ریاست عوام کو تعلیم، صحت اور دیگر سہولیات فراہم کرتی ہے وہاں ٹیکس ادا کرنے والا شہری ان سہولتوں کے لئے ریاست سے تقاضا کرنے کا حق بھی رکھتا ہے۔ ٹیکس ادا کرنے والا ہر پاکستانی شہری اپنے ادا کردہ انکم ٹیکس سے اپنے علاقے کی تعلیم، صحت اور معاشی ترقی کے کاموں میں نہ صرف حصہ لیتا ہے، بلکہ اپنی آنے والی نسلوں کی پائیدار بنیادوں پر تعمیر بھی کرتا ہے۔

اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ

۱۔ اپنا NTN (نیشنل ٹیکس نمبر) حاصل کریں۔

۲۔ اپنی سالانہ آمدنی پر واجب الادا ٹیکس باقاعدگی سے جمع کرائیں۔

۳۔ اور ہر مالیاتی سال کے اختتام پر آخری تاریخ سے قبل اپنے گوشوارے جمع کرا کے اپنا فرض ادا کریں۔

انکم ٹیکس کیا ہے؟

ہر شہری پر ٹیکس کی متعین کردہ ایسی مقدار جو سالانہ آمدن پر لگائی جاتی ہے۔
انکم ٹیکس میں شامل پانچ جزیات درج ذیل ہیں۔

۱۔ تنخواہ سے حاصل ہونے والی آمدن

۲۔ کاروبار سے حاصل ہونے والی آمدن

۳۔ جائیداد سے حاصل ہونے والی آمدن

۴۔ گورنمنٹ سیکیورٹیز اور انعامات سے حاصل ہونے والی آمدن (Capital Gain)

۵۔ سٹاک ایکسچینج میں ڈیویڈنڈ سے حاصل ہونے والی آمدن

انکم ٹیکس جمع کراتے وقت مندرجہ ذیل اداشدہ انکم ٹیکس کا فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔

۱۔ تنخواہ کا اداشدہ ٹیکس

۲۔ گورنمنٹ سیکیورٹیز پر اداشدہ ٹیکس

۳۔ جائیداد آمدن پر اداشدہ ٹیکس

۴۔ پنشن فنڈ پر اداشدہ ٹیکس

۵۔ گاڑی کی رجسٹریشن پر اداشدہ ٹیکس

۶۔ شیئرز کی خرید وفروخت پر اداشدہ ٹیکس

۷۔ گاڑی کا ٹوکن ٹیکس

۸۔ بجلی کے بلوں پر اداشدہ ٹیکس

۹۔ ٹیلی فون کے بلوں پر اداشدہ ٹیکس

۱۰۔ سامان کی آکشن پر اداشدہ ٹیکس

۱۱۔ اندرونِ ملک ہوائی سفر کے ٹکٹ پر اداشدہ ٹیکس

انکم ٹیکس ادا کرنے سے درجِ ذیل سہولیات مزید بہتر ہوسکتی ہیں۔

۱۔ زندگی کی بنیادی سہولیات۔

۲۔ صحت، تعلیم اور روزگار کے زیادہ اور بہتر مواقع۔

۳۔ پانی، بجلی اور گیس جیسی سہولتوں میں بہتری۔

۴۔ اچھی سڑکیں، پکی گلیاں اور نکاسی کا نظام۔

۵۔ قانون کی بالادستی اور ہر شہری کے لئے انصاف کی سہولتوں کی فراہمی میں بہتری۔

۶۔ صاف پانی اور صحتِ عامہ میں بہتری۔

کاروباری حضرات اور ایسوسی ایشن سے متعلق افراد کے لئے:

نمبر	کُل آمدن (سالانہ)	ٹیکس
۱	Rs. 400,000 تک	00,00%
۲	Rs. 400,001 سے Rs. 750,000 تک	Rs. 400,000 سے اِضافی رقم پر 10% ٹیکس
۳	Rs. 750,001 سے Rs. 1,500,000 تک	Rs. 750,000 سے اِضافی رقم پر Rs. 35,000 + 15% ٹیکس
۴	Rs. 1,500,001 سے Rs. 2,500,000 تک	Rs. 1,500,000 سے اضافی رقم پر Rs. 147,500 + 20% ٹیکس
۵	Rs. 2,500,000 سے زیادہ	Rs. 2,500,000 سے اضافی رقم پر Rs. 347,500 + 25% ٹیکس

تنخواہ دار افراد کے لئے:

نمبر	کُل آمدن (سالانہ)	ٹیکس
۱	Rs. 400,000 تک	00,00%
۲	Rs. 400,001 سے Rs. 750,000 تک	Rs. 400,000 سے اضافی رقم پر 5% ٹیکس
۳	Rs. 750,001 سے Rs.1,500,000 تک	Rs. 750,000 سے اضافی رقم پر Rs. 17,500 + 10% ٹیکس
۴	Rs. 1,500,001 سے Rs.2,500,000 تک	Rs. 1,500, 000 سے اِضافی رقم پر Rs. 92,500 + 15% ٹیکس
۵	Rs.2,500,000 سے زیادہ	Rs. 2,500,000 سے اضافی رقم پر Rs. 242,500 + 20% ٹیکس